Session 20
Sitting 02

[TO BE INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

A

BILL

further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan

WHEREAS, it is expedient further to amend the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement**.- (1) This Act may be called the Constitution (Amendment) Bill, 2015.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of Article 92(1) of the Constitution**.- In the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, hereinafter referred to as the Constitution, in Article 92(1) after the word "Federal Minister" occurring in the second line, the word "and" shall be substituted with "comma" and after the word "Ministers of State" the words "Parliamentary Secretaries" shall be inserted.

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

Article 92 of the constitution explains the procedure of appointment of Federal Ministers and Ministers of State from amongst the members of Parliament. The Constitution of Islamic Republic of Pakistan does not explain the appointment method of the Parliamentary Secretaries. On the other hand, every Government appoints Parliamentary Secretaries who work as a Minister in the House during the session. The present Government has also appointed 19 Parliamentary Secretaries who are performing their duties. Such appointments of Parliamentary Secretaries are not in conformity with the Constitution. In order to remove such legal ambiguity it is necessary to make adequate amendment in the constitution as proposed.

Sd/-
DR. RAMESH KUMAR VANKWANI,
Member, National Assembly.

[قومی اسمبلی میں پیش کرنے کے لیے]

# اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کرنے کا

# بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لیے اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور میں مزید ترمیم کی جائے،

لہٰذا بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ <u>مختصر عنوان و آغاز نفاذ</u>:۔ (۱) ایکٹ ہذا دستور (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۱۵ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ <u>آئین کے آرٹیکل ۹۲(۱) کی ترمیم</u>:۔ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور، جس کا بعد ازیں دستور کے طور پر حوالہ دیا گیا ہے، آرٹیکل ۹۲(۱) میں دوسری سطر میں آنے والے الفاظ "وفاقی وزیر" کے بعد لفظ "اور" کو "سکتہ" سے تبدیل کر دیا جائے گا اور الفاظ "وزیر مملکت" کے بعد الفاظ "پارلیمانی سیکرٹریز" شامل کر دیئے جائیں گے۔

## بیان اغراض و وجوہ

آئین کا آرٹیکل ۹۲ اراکین پارلیمنٹ میں سے وفاقی وزراء اور وزراء مملکت کی تقرری کے طریقہ کار کو واضح طور پر بیان کرتا ہے۔ اسلامی جمہوریہ پاکستان کا دستور پارلیمانی سیکرٹریوں کی تقرری کے طریقہ کار کی وضاحت نہیں کرتا۔ مزید برآں ہر حکومت پارلیمانی سیکرٹریوں کا تقرر کرتی ہے اجلاس کے دوران ایوان میں وزیر کی حیثیت سے کام کرتے ہیں۔ موجودہ حکومت نے بھی ۱۹ پارلیمانی سیکرٹریوں کا تقرر کر رکھا ہے جو اپنے فرائض سرانجام دے رہے۔ پارلیمانی سیکرٹریوں کی یہ تقرریاں دستور کی تصریحات سے ہم آہنگ نہیں ہیں۔ ایسے قانونی ابہام کو رفع کرنے کے لئے ضروری ہے کہ آئین میں تجویز کے مطابق موزوں ترمیم کی جائے۔

دستخط/۔

ڈاکٹر رمیش کمار ونکوانی

رکن، قومی اسمبلی